# وزیراعظم کی امریکی صدر سے ملاقات

23جون 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی امریکہ کے سرکاری دورے پر ہیں۔ انہوں نے آج صبح وائٹ ہاؤس کا دورہ کیا، جہاں عزت مآب جناب جوزف بائیڈن اور خاتون اول ڈاکٹر جل بائیڈن نے ان کا رسمی استقبال کیا۔ اس موقع پر ہزاروں ہند نژاد امریکی بھی وزیر اعظم کے استقبال کے لیے موجود تھے۔

2۔ اس کے بعد وزیر اعظم نے صدر بائیڈن کے ساتھ محدود اور وفود کی سطح کی شکل میں نتیجہ خیز گفتگو کی۔ رہنماؤں نے دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستی اور بڑھتے ہوئے تعاون کو اجاگر کیا، جو تجارت اور سرمایہ کاری، دفاع اور سلامتی، توانائی، موسمیاتی تبدیلی اور عوام سے عوام کے تعلقات جیسے شعبوں پر محیط ہے۔

3۔ دونوں رہنماؤں نے باہمی اعتماد اور افہام و تفہیم کے ساتھ ساتھ دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ اقدار پر زور دیا، جو تعلقات کو نئی سطحوں تک لے جانے کے لیے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز (iCET) جیسے اقدامات کے ذریعے ہونے والی تیز رفتار پیش رفت اور لچک دار سپلائی چینز کی تعمیر کے لیے اسٹریٹجک ٹیکنالوجی کے تعاون کو بڑھانے کی شدید خواہش کی ستائش کی۔ انہوں نے اہم معدنیات اور خلائی شعبوں میں گہرے تعاون کا خیرمقدم کیا۔

4۔ دونوں رہنماؤں نے موسمیاتی تبدیلیوں کا مقابلہ کرنے اور ایک پائیدار مستقبل کے حصول کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے صاف اور قابل تجدید توانائی کو فروغ دینے اور موسمیاتی اقدامات پر تعاون کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

5۔ دونوں رہنماؤں نے اپنے لوگوں اور عالمی برادری کے فائدے کے لیے ہندوستان اور امریکہ کے درمیان کثیر جہتی جامع عالمی اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید گہرا کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔

6۔ بات چیت میں باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی مسائل کا بھی احاطہ کیا گیا۔

7۔ وزیر اعظم نے صدر بائیڈن اور خاتون اول کی طرف سے پرتپاک استقبال کے لیے اپنی تحسین کا اظہار کیا۔ وہ ستمبر 2023 میں G20 رہنماؤں کی سربراہی کانفرنس کے لیے نئی دہلی میں صدر بائیڈن کا استقبال کرنے کے منتظر ہیں۔

**واشنگٹن ڈی سی.**
**جون 2023 22**